اے۔ وی۔ ایم کا تیار کردہ

سلور جوبلی

بھابھی

گیت۔ راجندر کرشن

چترگپت

اداکار۔ بلراج ساہنی۔ نندا۔ پنڈھری بائی۔ شیاما

ہدایتکار۔ کرشنن اور پنجو

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

بھائی بھائی کے گانے

گانا نمبر ۱

میرا چھوٹا سا دیکھو یہ سنسار ہے
میرا جیون ہے یہ میرا سنگار ہے
میری چھوٹی سی بگیا کے او باغباں
تیرے دم سے ہیں ساری بہاریں یہاں
سدا رہے باغوں سے چھایا نکھار ہے — میرا چھوٹا سا...
میرا جیون ہے اک مسکراہٹ تیری
میری دنیا ہے قدموں کی آہٹ تیری
تیرے قدموں میں ہی میرا گھر بار ہے — میرا چھوٹا سا...
چھوڑ کے میں تجھے کوئی جنت نہ لوں
تیرے بدلے میں دنیا کی دولت نہ لوں
میری پوجا پیا تیرا دیدار ہے — میرا چھوٹا سا...

گانا نمبر ۲: اس دنیا میں سب چور — چور
کوئی پیسہ چور، کوئی مرغی چور اور کوئی دل کا چور
اس دنیا میں...
ئی چوری کرے خزانے کی - کوئی آنے یا دو آنے کی
ئی چھوٹا چور کوئی بڑا چور - یہ میٹھا چور، وہ کھٹا چور
اس دنیا میں...
اکہ ڈالے راتوں کو - کوئی کاٹے باتوں باتوں میں
ا چور، کوئی کالا چور - کوئی لاٹ صاحب کا سالا چور

اس دُنیا میں....
کوئی کسی کی نیند چراتا ہے۔ کوئی مزے سے خود سو جاتا ہے
میری نیند چرانے آیا ہے۔ کوئی ایسا ہی دل والا چور
اس دُنیا میں....
کوئی پیسہ چور، کوئی مرغی چور۔ اور کوئی دل کا چور

گانا نمبر ۳:۔ اے دل مجھے بتا دے تو کس پہ آ گیا ہے۔
وہ کون ہے جو آکر خوابوں پہ چھا گیا ہے
مستی بھرا ترانہ کیوں رات گا رہی ہے
آنکھوں میں نیند آکر کیوں دُور جا رہی ہے
دل میں کوئی تمنا۔ ارماں جگا گیا ہے — وہ کون ہے...
بھیگی ہوئی ہوائیں موسم بھی گلابی
کیا چاند کیا ستارے ہر چیز ہے شرابی
دھیرے سے ایک نغمہ کوئی سُنا گیا ہے — وہ کون ہے..
بیتاب ہو رہا ہے یہ دل مچل مچل کے
شاید یہ رات بیتے کروٹ بدل بدل کے
اے دل ذرا سنبھل جا شاید وہ آ گیا ہے۔ وہ کون ہے...

گانا نمبر ۴:۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا میں راجہ گیا گاؤں میں
جانے جانے سوئی چبھ گئی پاؤں میں
راجہ نے وزیر بھیجا رانی دوڑی آئی
راجہ کی سواری کو کالی گھوڑی لائی
آگے آگے بھیجا راجہ۔ پیچھے بیٹھی رانی
رانی نے سُنا دی آگے ٹمٹے کو کہانی

راجہ جانی پیارے۔ چور ہمارے۔ لُک چھپ لُک چھپ جانا
چاہے کوئی جیتے چاہے کوئی ہارے ۔ لُک چھپ۔۔۔
دھوپ بنی ہے بی تو بابا بنا ہیا بابا
دھوپ کے پیچھے پیچھے سیا بادلا آیا۔ دو دُلا آیا۔ دودُلا آیا
اور ۔ دُنیا سے نیارے کھیل ہمارے ۔ لُک چھپ۔۔۔
راجہ جانی پیارے ۔ چور ہمارے ۔ لُک چھپ۔۔۔
پھول سے ایک دن تتلی بولی ۔ آجا کھیلیں آنکھ مچولی
پھول یہ کہنے لگا تو اڑ جائے گی
ہاتھ نہ آئیگی ۔ جھوم کے ڈالی ڈالی گیت یہ گائے گی
اور راجہ جانی پیارے۔۔۔
چاہے کوئی جیتے چاہے کوئی ہارے ۔ لُک چھپ۔۔
بدلی کے پیچھے چھپ گیا تارا ۔ ڈھونڈ ڈھونڈ ہارا چندرما بیچارا
دیکھو ہارا ۔ ہارا ۔ ہارا ۔ چندرما بیچارا
اور ۔ پیچھے پیچھے چندا آگے آگے تارے ۔ لُک چھپ۔۔
راجہ جانی پیارے۔۔۔
چاہے کوئی جیتے چاہے کوئی ہارے۔۔۔
گانا نمبر ۵: میرا نام عبدالرحمان ۔ پستہ والا میں ہوں پٹھان
کھانے والے کا دل ہوا گل گل تعداد کتور ملا
واہ رے ۔ واہ رے ۔ واہ ۔ واہ
بیوی جی بھائی صاحب ہمارا پستہ بہت اچھا
بیو میتیم صاحب ہمارا پستہ نہیں کچا
کھا کے دیکھو ذری ۔ ذری گڈ ۔ میرا چار جی بادلم پستہ

رانی :- عبدالرحمان کی ہیں عبدالرحمنیاں
یہی میرا سونا چاندی یہی میری دنیا
خوش ہوں میں جیسے بھی رکھے جس حال میں
بنگلے میں کوٹھی میں یا ٹوٹی پھوٹی چال میں
چاند ہے یہ میرا میں ہوں اس کی چندنیاں

راجہ :- ہندو کھائے مسلم کھائے کھائے سکھ عیسائی
میرا پستہ کھانے والے ہیں سبھی بھائی بھائی
مندر ہو۔ مسجد ہو۔ یا سکھوں کا گوردوارہ
سب کو اللہ کا سمجھے بندہ قابل کا بنجارا
لو بھئی پستہ بادام - اچھا مال اور سستا دام
آنی جانی دنیا فانی - باقی ہے اللہ کا نام
میرا نام عبدالرحمان - پستہ والا میں ہوں پٹھان
کھانے والے کا دل ہوا گل گل - واہ رے - واہ رے...

گانا نمبر ۶ :- اپنا ہے پھر بھی اپنا بڑھ کر گلے لگا لے
اچھا ہے یا برا ہے اپنا اسے بنا لے
مت سوچ تیرے دل میں یہ کیسی کشمکش ہے
جو کھینچتی ہے تجھ کو وہ خون کی کشش ہے
پردہ پڑا ہوا ہے جو درمیاں اٹھا لو - اپنا ہے...
عجیب ہے زباں پھر بھی اپنا لہو پکارے
ہم ایک آسماں کے ٹوٹے ہوئے ہیں تارے
نظریں تو مل گئی ہیں - دل سے دل ملا لے - اپنا ہے.

گانا نمبر ۷

دِل تیری نظر میں اٹکا رے اٹکا

میرے لگا بلم تیرے پیار میں کیسا جھٹکا رے جھٹکا

پھیری دو پیر یا بیچ بجریا کیسا جادو ڈالا

چلتے چلتے لڑ گئی انکھیاں ۔ دِل بولا ہائے مارا

ہائے دِل پہلو میں سرکا

سُن میرے رسیا ۔ او من بسیا ۔ میٹھی تیری بولی

مَن سُن کے تیرے بول رسیلے من کی دُنیا ڈولی

میرے دِل کا پنچھی پھٹکا

مَیں تیری بھنور یا ۔ پھر بھی سنوریا ۔ ہائے تم نہ مجھے لگانا

سوچ سمجھ کر مجھ سے پیار بڑھانا

یہ کھیل نہیں جھٹ پٹ کا

دِل تیری نظر میں اٹکا رے اٹکا

گانا نمبر ۸

قدر جانے نہ میرا بلم بیدردی ۔ لاکھ جتن کروں بات نہ مانے جی

بات نہ مانے میرا درد نہ جانے ۔ قدر جانے نہ ۔ او ۔ قدر جانے نہ

میرا بلم بیدردی

میں بھی ہوں تیری پیا دِل بھی ہے تیرا ۔ اکھیں جا کر کے بھول گیا میرا

قدر جانے نہ ۔ ۔ ۔

سمجھ نہ آئے کیسے جی کو منا ؤں میں

کیسے نے لو چیر کے دِل بھی دکھاؤں میں

قدر جانے نہ ۔ ۔

گانا نمبر ۹

گھر میرا گھر کی آگ سے برباد ہو گیا
کل تک جو باغباں تھا وہ صیاد بن گیا
بھگوان جو تو ہے میرا انصاف کرے گا
خود آ کے میری مانگ میں سندور بھرے گا
او جلتے ہوئے دل کا دھواں دیکھنے والے
دنیا میں انصاف کہاں دیکھنے والے
ہوتے ہوئے تیرے بھی انصاف مرے گا۔ خود آ کے...
تھوڑی سی ابھی سچائی ہے تو میری وفا میں
آئے گا پھر اثر میری مجبور دعا میں
بیدرد زمانہ میری آہوں سے ڈرے گا
خود آ کے میری مانگ...

گانا نمبر ۱۰

لتا منگیشکر

شرابی جا۔ جا۔ جا
دیوانے تو کیا جانے۔ محبت کا نشہ ہے کیا۔ شرابی جا...
تیری جیسے صراحی میں رکھا گیا ہے
ابھی چڑھ کے نہ اترے کچھ ایسی بلا۔ شرابی جا...
دل والے پیالوں سے بنتے نہیں
تو نے خوابوں کی دنیا میں جنتے نہیں۔ شرابی جا...
مری پیاس ابھی ناسمجھ باقی ہے۔ میرا آنے والا ساقی ہے
میرا ساقی آ۔ آ بھی جا۔ آ بھی جا
شرابی جا۔ جا۔ جا

(ختم شد)

عشرتِ شباب

یہ لاجواب کتاب جسے دہلی کے مشہور حکیم اجمل خاں صاحب کے والد بزرگوار حکیم محمود خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے۔ جس نے اس کتاب کا ایک صفحہ بھی بغور پڑھا۔ دل و جان سے اسکا والا و شیدا ہوگیا۔ اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنی تمام عمر کا تجربہ بغیر کسی بخل کے درج کردیا ہے۔ نوجوانوں کیلئے مستورات کے بارے میں وہ معلومات و ہدایات درج فرمائی ہیں جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔ قیمت صرف ۱-۱-۲ محصولڈاک معاف

فلمی پرستان

یہ وہ لاجواب فلمی کتاب ہے جو زرِ کثیر خرچ کر کے تیار کرائی ہے۔ اسمیں ایک سو فلموں کے پورے گانے درج کئے گئے ہیں۔ فلمی گانوں کے شوقین احباب کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ اب آپکو کسی گانے کی تلاش میں دربدر بھٹکنا نہیں پڑیگا

قیمت صرف ۱-۱-۳ محصولڈاک معاف

بغیر اُستاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سیکھانیوالی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں اور پھر فلمی گانوں پر بجانا ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۱/۸/۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بُک سیلرز دریبہ کلاں دہلی